لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

# Rampur State Gazette.

# گزٹ ریاست رامپور

## بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم


| جلد ۳۴ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۴ رمضان المبارک ۱۳۳۹ھ مطابق ۲۳ مئی ۱۹۲۱ء | نمبر ۲۱ |
|---|---|---|


فہرست مضامین


| نمبر شمار | خلاصہ مضمون | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | تبادلہ تحصیلداران صاحبان و تعلق کارجسٹری سررشتہ منصفی محکمہ ... | ۱و۲ |
| ۲ | انتظام کار تحصیلداران صاحبان | " |
| ۳ | انتظام کار تعلقات بزمانہ رخصت صاحب ایکزیکٹو انجینیر | " |
| ۴ | رخصت و تقرری ... اور سپرنٹنڈنٹ قرقہ رخصت ... صاحب | " |
| ۵ | ... رخصت ... پرشاد | ۳ |
| ۶ | رخصت ... صاحب ... | " |
| ۷ | ترمیم تبادلہ تحصیلداران صاحبان | " |
| ۸ | علاوہ ... | " |
| ۹ | رخصت مولوی سید احمد صاحب | " |
| ۱۰ | نرخنامہ اجناس | " |
| ۱۱ | روئداد جنرل میونسپل کمیٹیان | ضمیمہ |


روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۱۲ مئی ۱۹۲۱ء

۱- بسبب استعفا رضا صاحب ریونیو سکریٹری بہادر منشی حیدر رضا خان تحصیلدار سوار کا تبادلہ انکی موجودہ تنخواہ پر حضور تحصیل کو منظور کیا جاتا ہے - اور منشی جمیل خان تحصیلدار حضور تحصیل تحصیل ملک مین اپنی موجودہ تنخواہ پر تعینات کئے جاتے ہین -

۲- منشی محمد جمیل خان کو ملک پہنچنے کے لئے صاحب ریونیو سکریٹری بہادر مناسب جوائننگ ٹائم دیدین اور اسی سلسلہ مین دیگر تحصیلداران کا تبادلہ بھی کرنا چاہین تو کر دین -

۳ - چونکہ منشی محمد جمیل خان کا شہر سے تبادلہ ہو گیا لہذا بمنشاء روبکار یکم نومبر ۱۹۱۲ء جو کام مجسٹریٹی سرسری کا وہ انجام دیتے تھے وہ آیندہ منشی مشفع احمد ناظم بلا کسی الاونس کے انجام دین - اور منشی جمیل خان جو الاونس مجسٹریٹی سے پاتے تھے وہ مسدود کیا جائے -

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون - دستخط میر منشی صاحب اجلاس عالی

(دستخط)

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

بندگان حضور پرنور سے بحکم ۱۲ مئی سنہ ۱۹۲۱ء تبادلہ تحصیلداران کی منظوری ہوئی ہے لہذا بصراحت ذیل امور کی پابندی وقت لینے چارج کے ہر تحصیلدار کو لازم ہے -

(۱) بیکہ وصول باقی کے متعلق ہر تحصیلدار چارج لینے کے وقت پوری واقفیت حاصل کر لیجائے تاکہ بعد کو دقت نہو - سائر پنج کی بابت بھی پوری واقفیت حاصل کر لیجائے کہ اسپر کچھ قرضہ وغیرہ تو نہیں ہے - اور کیا صورت اسکی بیباقی اور صفائی حساب کی ہوگی -

(۲) علاوہ اسکے ایک ایسی فہرست جداگانہ بھی حاصل کیجائے کہ فلان فلان مستاجر کی حالت قابل نگرانی باعتبار سبیل بقایا ہے -

محمد حیدر رضا خان تحصیلدار رخصتی پر ہون بروز جمعہ ۱۴ مئی سنہ ۱۹۲۱ء کو محمد جمیل خان تحصیلدار حضور تحصیل سے چارج لیلین اور جمیل خان تحصیلدار حضور تحصیل ایک ہفتہ کے اندر تحصیلدار ملک سے چارج لے لین - اور محمد فیروز شاہ خان تحصیلدار ملک چار دن کے اندر تحصیلدار شاہ آباد سے چارج لیلین اور سید علی منظر تحصیلدار شاہ آباد چار دن کے اندر قایم مقام تحصیلدار سوار سے چارج لیلین اسی کے موافق احکام ضابطہ جاری ہون - مگر قائم مقام تحصیلدار سوار اسوقت تک تحصیلدار سوار کا کام انجام دیتے رہین جبتک کے سید علی منظر تحصیلدار انسے چارج لین ۱۲ مئی سنہ ۱۹۲۱ء چونکہ یہ وقت عمل تحصیل وصول کا ہے اسواسطے طریقہ صرح سطور بالا معین کیا گیا ہے - کہ ہر تحصیل میں وقت تا جلد تک کام تحصیل وصول پوری تن دہی سے جاری رہے اگر معلوم ہوگا کہ کسی تحصیلدار نے وصول تحصیل مین پہلو تہی کی تو سخت موجب ناخوشی ہوگا

تاریخ _____ صدور

(دستخط)

## ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

## رخصت

۱۲ مئی سنہ ۱۹۲۱ء

زمانہ رخصت صاحب ایگزیکٹو انجینیر مین جو انتظام کام تعمیرات کی صراحت یادداشت مرقومہ ۸ مئی سنہ ۱۹۲۱ء مین کی گئی ہے منظوری دیگئی

۱ - صاحب اسسٹنٹ انجینیر جنکے چارج مین عمارات شہر ہین ایگزیکٹو انجینیر کا چارج رکھینگے

۲ - منشی شبیر احمد خان سپروائزر تعمیرات بیرونجات اسسٹنٹ انجینیر کا چارج رکھینگے -

۳ - کارہائے تعمیرات شکستہائے بیرونجات بہ نگرانی منشی پرمیولال سب اوورسیر جو پیشتر بھی کارہائے شہر کے انچارج رہ چکے ہین انجام پائینگے -

۱۲ مئی سنہ ۱۹۲۱ء

حسب رپورٹ صاحب ہوم سکرٹری بہادر - رعایتی رخصت چار ماہ منشی عبد الصمد سب اوورسیر تعمیرات کی بغرض ادائے فریضہ حج بیت اللہ شریف منظور فرمائی گئی - تنخواہ بعد واپسی ملیگی -

۱۰ مئی سنہ ۱۹۲۱ء

مزید رخصت یکماہ منشی عماد اللہ خان صاحب جج کی بوجہ علالت با استقامت موجود منظور فرمائی گئی -

## ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

### رخصت

۱۲ مئی سنہ ۱۹۲۱ء

مزید رخصت شاناتا پرشاد اہلمد اجلاس ہذا کی بوجہ علالت ۱۰ مئی سنہ ۱۹۲۱ء سے ۲۲ مئی تک حسب تصدیق معالج منظور کی گئی۔ زمانہ رخصت میں حامد حسین محرر محافظ خانہ صدر کام انجام دیگا۔ اور حامد حسین کے کام کا انتظام سررشتہ دار صاحب صدر کرینگے

۱۲ مئی سنہ ۱۹۲۱ء

حسب رائے حاکم صاحب صدر و تصدیق سررشتہ دار صاحب صدر۔ صاحبزادہ سید وصی علیخان بہادر نائب محافظ دفتر صدر کلیات کی رخصت یکماہ بغرض روزگی کو وبوجہ علالت بذمہ داری منشی ہزاری لال نائب محافظ دفتر صدر منظور ہوئی۔

## روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

### واقع ۱۵ مئی سنہ ۱۹۲۱ء

بمنشاء حکم ۱۲ مئی سنہ ۱۹۲۱ء جو احکام تبادلہ تحصیلداران کا اجرا ہوا ہے سردست بنظر مناسب تمیین اسقدر ترمیم کیجاتی ہے کہ محمد حیدر رضا خان تحصیلدار رخصتی تحصیل حضور میں اور محمد جمیل خان تحصیلدار حضور تحصیل سے تحصیل ملک کو اور محمد فیروز شاہ خان تحصیلدار ملک سے تحصیل سوار کو تبدیل کئے جائیں۔ سید علی منظور تحصیلدار شاہ آباد کا تبادلہ سردست ملتوی کیا جائے۔ جبتک کہ تحصیلدار ملک محمد فیروز شاہ خان تحصیل سوار پہنچکر چارج نہ لے لیں اسوقت تک امتیاز علیخان نائب تحصیلدار بدستور قائم مقامی کا کام سوار میں انجام دیتے رہیں۔ حکم ہوا کہ بمنشاء عبارت بالا فوراً احکام ضابطہ جاری ہوں۔

[signature]

## ملخص احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

### سند وکالت

۱۲ مئی سنہ ۱۹۲۱ء

منشی عبد الرزاق خان ولد محمد عبد الصمد خان ساکن رامپور محلہ گھیر بخشی مرتضیٰ خان کو سند وکالت درجہ اول عطا کی گئی۔ اور امتحان سے مستثنیٰ سمجھے گئے۔

### رخصت

۱۷ مئی سنہ ۱۹۲۱ء

مولوی سید احمد پیشکار مشیر قانونی کی رخصت دس یوم بوجہ علالت والدہ پیشکار موصوف ۱۷ مئی سنہ ۱۹۲۱ء سے منظور ہوئی۔

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

# نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۱۵ لغایت ۲۱ رمئی ۱۹۳۱ء

| نام جنس | حضور تحصیل | شاہ آباد | ملک | بلاسپور | سوار | ٹانڈہ | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گندم | ۱۰۵ر | ۰ | ۱ر۶ر۰ | | | ۱۰۵ر | |
| نخود خالص | ۱۰۵ر | | ۱۶ر | | | ۱۶ر | |
| نخود کستہ آمیز | ۱۶ر | | ۱۰۷ر | | | ۱۶ر | |
| کستہ | ۱۰۶ر | | ۱۰۷ر | | | ۱۷ر | |
| ماش | ۱۵ر | | ۱۵ر | | | ۱۵ر | |
| مونگ | ۱۳ر | | ۱۴ر | | | ۱۴ر | |
| مکا | ۱۷ر | | ۰ | | | ۱۸ر | |
| جئی | ۰ | | ۱۹ر | | | ۱۱۰ر | |
| گوجئی | ۱۶ر | | ۱۰۷ر | | | ۱۷ر | |
| عدس | ۱۷ر | | ۱۷ر | | | ۱۶ر | |
| ارہر | ۱۰۶ر | | ۱۷ر | | | ۱۶ر | |
| برنج | ۱۰۳ر | | ۱۴ر | | | ۱۵ر | |
| روغن زرد | ۷ چھٹانک | | ۱ر۱۱ر | | | ۱ر۱۱ر | |
| روغن سیاہ | ۱ر۱ر | | ۱۰۱ر | | | ۱۱ر | |
| روغن کنجد | ۱۱ر | | ۱۱ر | | | ۱ر۲ر | |
| نمک سانبھر | ۱ر۱۱ر | | ۱۹ر | | | ۱۹ر | |
| نمک لاہوری | ۱۰۵ر | | ۱۶ر | | | ۱۷ر | |
| قند سیاہ | ۱۳ر | | ۱۲ر | | | ۱۰۲ر | |
| باجرہ | ۰ | | ۰ | | | | |

# نقل حکم اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر
## واقع ۹ مئی سنہ ۱۹۲۱ء

مثل روئداد جنرل کمیٹی میونسپل منعقدہ ۱۵ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء

دربارہ تصفیہ امور مندرجہ روئداد کمیٹی

روئداد جنرل کمیٹی میونسپل منعقدہ ۱۵ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء پیش ہوکر ملاحظہ ہوئی ہر ایک امر کی بابت مفصل ذیل نمبروار تجویز کیا جاتا ہے۔

۱- ملاحظہ ہوا تجویز ممبران کمیٹی مناسب ہے۔

۲- ملاحظہ ہوا خدمت میں میونسپل افسر صاحب کے لکھا جائے کہ اس معاملہ میں جانچ کرکے مفصل تجویز ارسال اجلاس ہذا کی جائے۔

۳- ملاحظہ ہوا اگر محلہ داران چندہ دینے پر رضامند ہوں تو کھرکی درست کی جاکر [illegible]

۴- ملاحظہ ہوا آواز دہل منادی کرادی جائے کہ بیک وقت [illegible] کا اندراج [illegible] اندراج بیک وقت ہمراہی موجودہ چوکی پہرے میں کرایا جایا کرے۔

۵- ملاحظہ ہوا تجویز ممبران کمیٹی مناسب ہے۔

۶- ملاحظہ ہوا بحالت گنجائش بجٹ تخمینہ مرتب کراکے پیش کیا جائے۔

۷- ملاحظہ ہوا تجویز ممبران کمیٹی مناسب ہے

۸- ملاحظہ ہوا تعمیر [illegible] خانہ میونسپلٹی و چنگی کے بابت جو کاغذات اجلاس ہذا میں [illegible] ہیں براے ملاحظہ پیش کیے جائیں۔ المہذا اجلاس کو اطلاع دی جائے

۹- ملاحظہ ہوا اس معاملہ میں قبل ازیں حکم صادر ہوچکا ہے کہ [illegible]

۱۰- ملاحظہ ہوا نسبت گنجائش بجٹ میونسپل افسر صاحب سے کیفیت طلب ہو

۱۱- ملاحظہ ہوا یہ معاملہ زیر تجویز ہے آئندہ اس معاملہ میں غور کیا جائیگا۔

حکم ہوا کہ

ایک نقل حکم ہذا اطلاعاً و تعمیلاً خدمت میں میونسپل افسر صاحب کے مرسلہ ہو اور انتخاب روئداد کمیٹی براے اندراج گزٹ مطبع کو مرسلہ ہو

---

## روئداد جنرل میونسپل کمیٹی منعقدہ ۱۵ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء
## جناب مولوی عبدالحمید صاحب پریذیڈنٹ کمیٹی باتفاق رائے

واقع ۱۵ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء

### ممبر صاحبان ملازمان

۱- صاحبزادہ [illegible] علی خان صاحب بہادر میونسپل سکرٹری
۲- منشی گوپی ناتھ صاحب میر منشی اجلاس [illegible]
۳- فیاض علی خان صاحب پیشکار

### ممبر صاحبان غیر ملازمان

۱- مبارک علی خان صاحب جاگیردار
۲- عطاء اللہ خان صاحب ممبر
۳- لالہ جانکی پرشاد صاحب
۴- لالہ رام کنور صاحب

| امورات تصفیہ طلب | تجویز ممبران کمیٹی |
|---|---|
| ۱- درخواست جانکی لال [illegible] شکایت [illegible] نسبت سخت کلامی طلب کیا [illegible] | باتفاق رائے پاس ہوئی کہ ایک رپورٹ سے بھی دریافت کیا گیا اور اپنے بیان سے خود بھی قصوروار سخت کلامی کرنا ہی ثابت ہے لہذا مبلغ [illegible] جرمانہ وصول کیا جائے ورنہ تین یوم کیلئے [illegible] حوالات میں بند رہے اور بحالت عدم ادخال [illegible] تین یوم کے بعد چھوڑ دیا جائے۔ |
| ۲- نوٹ سکرٹری صاحب [illegible] ۱۴ اپریل کی شب میں [illegible] آواز [illegible] آزندہ مال [illegible] حاضر ہوا [illegible] قریب [illegible] آزندہ مال [illegible] مکان پر حاضر ہوا مال کی جانچ کرکے بعد [illegible] بیان [illegible] بابت محصول [illegible] مال چھوڑ دیا گیا [illegible] آزندہ مال سے لیگی جو شامل ہیں۔ | باتفاق رائے پاس ہوئی کہ [illegible] سے سرکاری بہت زیادہ نقصان متصور ہے لیکن [illegible] کوئی نہیں تھا اور [illegible] آزندہ مال [illegible] کا کام [illegible] ورنہ یہ نقصان ضرور ہوتا [illegible] کے قابل ہیں [illegible] جواب لیا گیا [illegible] کے بعد آئندہ کمیٹی میں یہ معاملہ پیش ہو۔ |
| ۳- عرضی محلہ داران [illegible] | باتفاق رائے پاس ہوئی کہ یہ [illegible] |

| | |
|---|---|
| ہے کہ کہ خام چاہ شور بگڑ گیا ہے اور چاہ پر کہرک چوبی بالکل نہیں ہے اوسکی من پختہ ٹوٹ گئی ہے آدمی گر جانے کا اندیشہ ہے جسکے باعث سے عوام کو سخت تکلیف ہے پانی اس مقام پر دور تک نہیں ہے تقریباً سو روپیہ میں کافی طور پر مرمت ہو جاویگی | کی آبادی سے پہلے کا بنا ہوا ہے کھڑک چوبی وگول گر جانے اور من پختہ شکستہ ہو جانیکی وجہ سے حالت نہایت مخدوش ہے اور واقعی اس مقام پر دور تک پانی نہیں ہے جسکی وجہ سے عوام کو سخت تکلیف ہے مرمت ضرور ہونا چاہیے۔ معلوم ہوا کہ بوقت توسیع سڑک پختہ چاہ شور کچھ آراضی محمد زمان خان صاحب کی جو باہر بازار میں توسیع سڑک میں آ گئی تھی جسکے معاوضہ کا بل تعدادی مبلغ نوسے روپیہ چونکہ خزانہ صدر میں مجرا شدہ رکھا ہوا ہے جسمیں محمد زمان خانصاحب کی یہ خواہش ہے کہ یہ روپیہ کسی مقام پر چاہ پختہ آبنوشی بوسیلہ میونسپلٹی تعمیر کرا دیجاوے ورنہ روپیہ لینا صاحب موصوف کو منظور نہیں ہے جسکی وجہ سے بل معاوضہ خزانہ صدر میں عرصہ سے زیر تعمیل ہے چونکہ یہ کام ضروری اور ثواب عظیم کا ہے اسلئے یہ مناسب ہے کہ رقم مذکورہ خزانہ صدر سے میونسپلٹی کو نقد رجوع ہونیکا حکم جداگانہ اجلاس صاحب جوم سکرٹری بہادر سے بنام خزانصاحب صادر فرمایا جاوے تاکہ رقم مذکورہ سے چاہ کی مرمت ہو جاوے اور بجٹ میونسپلٹی پر بار نہ پڑے اور یہ ضروری کام ہو جائے |
| ۴۔ نوٹ سپرنٹنڈنٹ چنگی درباره اطلاع بنگ اندراج چکالٹی ہمراہی مال و بہونے اندراج چند چکالٹی بوجہ عدم حیثیت دکان داران | بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ میونسپلٹی کی یہ تجویز پاس ہو چکی ہے کہ ایک جسٹر اندراج چکالٹی ہمراہی مال چونگی پر رکھوایا جائے چنانچہ جسٹر میں اندراج ہو رہا ہے ابھی پورے طور سے دکانداران کو اطلاع نہیں ہے جسکی وجہ سے اندراج رہ جاتا ہے آئندہ با آواز دہل شہر میں اعلان کرا دیا جائے اور تجویز درج گزٹ ہونے سے بھی اعلان ہو جائیگا |
| ۵۔ نوٹ لالہ سرنام سنگھ ممبر متعلقہ کتاب جانب علاقہ ستگنج کے شمالی دروازہ کی نالی کی رو کار۔ گر گئی ہے جو کی تلف ہوئے جاتے ہیں اور نالہ متصل سپرنٹنڈنٹ صاحب بہادر وارث علی خان کے کوچہ کے آتے جاتے رہتے ہیں جسکی وجہ سے عوام کو سخت تکلیف ہے | بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ اول ذریعہ اوورسیر میونسپلٹی تخمینہ مرمت ہونا چاہیے اوسکے بعد نسبت مرمت آئندہ کمیٹی میں تجویز کی جائیگی |
| ۶۔ گوہر منشی الا چاہ سوتیان پیش مکان بنارسی داس راستہ میں گڑھے پڑ گئے ہیں جسکی وجہ سے عوام کو سخت تکلیف ہے۔ | بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ اول ذریعہ اوورسیر میونسپلٹی تخمینہ مرمت مرتب ہونا چاہیے۔ اوسکے بعد آئندہ کمیٹی میں تجویز کی جائیگی۔ |
| ۷۔ محلہ ٹیل ٹولہ میں متصل مکان رام سوہن چوبے کاری ملوہ جمع ہے اور یہ ملوہ مکاندار کا ہے جسکی وجہ سے راستہ بند ہے۔ | بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ مکاندار کے نام نوٹس میعادی تین یوم جاری کیا جائے کہ فوراً ملوہ علیحدہ کرا دے ورنہ میونسپلٹی اپنے ذریعہ سے ملوہ اوٹھوا دے اور صرفہ مکاندار سے وصول کر لیا جائے۔ |
| ۸۔ میونسپل آفس میں کوئی عمارت محافظ خانہ میونسپلٹی و چنگی کے نام سے نہیں ہے جسکی وجہ سے دفتر کی حالت خراب ہے۔ تخمینہ تعمیر مبلغ دو سو اشتر روپیہ بارہ آنہ ہے | بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ واقعی محافظ خانہ کی عمارت نہونیکے باعث سے رجسٹر ہائے میونسپلٹی و چنگی گودام میں بے ترتیب پڑے ہوئے ہیں۔ مصارف بھی قلیل ہیں تخمینہ کی منظوری ہو کر محافظ خانہ تعمیر ہونا چاہیے دیگر اضلاع کے میونسپلٹی میں محافظ خانہ جدا بنے ہوئے ہیں۔ |
| ۹۔ متصل فراشخانہ جو پیشاب خانہ تعمیر ہوا ہے اسمیں اکثر لوگ پاخانہ کر جاتے ہیں جسکو میونسپلٹی وقتاً | بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ کام ضروری ہے اور قلیل مصارف میں یہ شکایت رفع ہو سکتی ہے |

تو نقصانات کرا دیتی ہے۔ متصل بازار نصر اللہ خان
پیشاب خانہ کی تعمیر ہو کر کھول دیا جائے جسکا
کا تخمینہ مبلغ اکیانوے روپیہ ہے۔

۱۰- گنج قدیم کا پرانا ہے اوسکو درمیان چند
ڈاٹین ٹوٹ گئی ہین جسکی وجہ سے عوام کو سخت
تکلیف ہے اور ہر بار پرچہ اخبار اجلاس
ہمایون بھی شامل کاغذات ہذا مین تخمینہ
مبلغ نواسی روپیہ ہے۔

۱۱- درخواست محمد تقی دربارہ لینے ٹھیکہ
ذبیحہ چند راس بیل و بھینس پر بہ درخواست
اسمٰعیل خان ٹھیکہ دار۔

بعد منظوری جلد کام شروع کرا دیا جائے

بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ واقعی کام
نہایت ضروری ہے جسکے باعث عوام
کو سخت تکلیف ہے اور چند راستہ گیر اس نالے
مین گر گئے ہین جنکے زائد چوٹ آئی ہے
تخمینہ بھی قلیل ہے بعد منظوری کام جلدی ہو جانا چاہئے
تاکہ یہ شکایت رفع ہو جائے۔

بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ ریاست
مین ذبح بیل و بھینس کا ٹھیکہ کسی وقت مین
نہین ہوا ہے اور نہ کبھی حدود میونسپلٹی
کے اندر بیل و بھینس کا گوشت فروخت ہوا ہے
جب یہ ٹھیکہ ہوا ہے گائین ذبح ہونا بھی
کم ہو گئی ہین مبلغ کا نقشہ جو پیش ہوا ہے
اوسکے معائنہ سے چند گائین کا ذبح ہونا
جو مصارف شادی وغیرہ کل آبادی شہر
کو مکتفی نہین ہین اسی سے ثابت ہوتا ہے
کہ دوکانات پر گوشت گاؤ قطعی فروخت
نہین ہوتا ہے کسی دوکان پر تختی بھی ہنوز
نہین ہے جس سے یہ معلوم ہوسکے کہ اس دوکان پر گائے
کا گوشت فروخت ہوتا ہے۔ شریف
اشخاص نے گوشت کھانا قطعی چھوڑ دیا ہے
قصابان نے اپنی چالاکی سے دہوکہ دیکر
مسلح علاقہ اور دیہات مین بیل و بھینس

ذبح کرکے کثیر منافع اوٹھاتے ہین اوسیطرح شہر مین بھی یہ جدید ٹھیکہ قائم کرکے
گذرانی اور سرکاری جانب سے تھوڑے سے نفع سرکار کے علاوہ بہت کچھ نقصان
نقصان اور تکلیف پر غور نظر فرماکر منظوری ٹھیکہ کی دیدی گئی اس ٹھیکہ مین رعایا کا بہت
بڑا نقصان ہے اور قصابان کا بیحد نفع ہے جسکی وجہ سے کہ ایام مین قصابان چند
متمول ہو کر ملک کو نہایت نقصان پہونچیگا۔ پندرہ راس بیل و بھینس ذبح ہونیکا ٹھیکہ
دیا گیا ہے چوبیس روپیہ یومیہ اور سات ہزار روپیہ سالانہ کی آمدنی سرکاری ہے
ٹھیکہ دار جو پندرہ راس بیل و بھینس خرید کرتا ہے اوسکی قیمت زیادہ سے زیادہ فی راس
پندرہ روپیہ تک ہوسکتی ہے اس بارہ روپیہ آٹھ آنہ کا اوسط ہوتا ہے پندرہ راس کی
قیمت مبلغ ایک سو ستاسی روپیہ آٹھ آنہ ہوتی ہے ایک راس مین تین من گوشت کا
اوسط ہے شہر مین پانچ آنہ سیر گوشت فروخت ہو رہا ہے پندرہ راس کا پینتالیس
من گوشت ہوا فی سیر پانچ آنہ کے حساب سے گوشت کی قیمت پانسو باسٹھ روپیہ آٹھ آنہ
ہوئی اور پینتالیس روپیہ قیمت کھال و غیرہ یہ قیمت اوسمین شامل کرنے سے
مجموعی قیمت چھ سو ستائیس روپیہ آٹھ آنہ ہوئے بچ ... روپیہ یومیہ پندرہ راس کی مجموعی
قدیمہ مع رقم ٹھیکہ چوبیس روپیہ اور رقم ملازمان وغیرہ ... قیمت گوشت
کھال تعدادی مبلغ چھ سو ستائیس روپیہ آٹھ آنہ مین کل ... روپیہ محصولات اور
ایک سو ستاسی روپیہ آٹھ آنہ قیمت راس کل مین مبلغ دو سو گیارہ روپیہ آٹھ آنہ
منہا کر دینے سے مبلغ چارسو روپیہ یومیہ کا خالص منافع ٹھیکہ دار کو ہے جسکی
رقم مبلغ بارہ ہزار اور سالانہ ایک لاکھ چوالیس ہزار ہوئی اور چھ راس کی رقم علاوہ
درخواست ہے اسکی منظوری ہو جانے پر اسی حساب سے مبلغ ایک سو ساٹھ روپیہ کا
نفع ٹھیکہ دار کو رہیگا جسمین کل مصارف مجرا دیکر ایک سو ساٹھ روپیہ یومیہ کا نفع
ہوا اسکی ماہانہ رقم چالیس ہزار آٹھ سو روپیہ اور سالانہ مبلغ ... ہزار چارسو روپیہ کی
مجموعی خالص منافع بعد محسوبی قیمت راس محصولات مذبحہ وغیرہ پندرہ و چھ
راس بیل و بھینس کے ذبح ہونے مین مبلغ سولہ ہزار آٹھ سو روپیہ ماہوار اور دو لاکھ
ایک ہزار چھ سو روپیہ سالانہ رہیگا دوسرا اسباب ٹھیکہ مین قطع کا یہ ہے کہ اگر یہ ٹھیکہ
نہین ہوا تو بیل و بھینس کے گوشت کا نرخ زیادہ سے زیادہ دو آنہ سیر فروخت ہوتا

اب پانچ آنہ سیر فروخت ہو رہا ہے المختصر جو شرح ہے
اس حساب سے ٹھیکہ دار کو پینتالیس من گوشت میں
مبلغ دو سو اکیاسی روپیہ یومیہ کا نفع ہے جسمین ...
یومیہ سرکاری ٹھیکہ کے ادا کرکے مبلغ دو سو چھتر روپیہ چار آنہ
یومیہ اور ماہانہ مبلغ سات ہزار سات سو ستر روپیہ آٹھ آنہ
اور سالانہ مبلغ بانوے ہزار چھ سو دس روپیہ خالص منافع
پندرہ راسوں کے ٹھیکہ میں ہیگا اور آئندہ جو چند سو کو
ٹھیکہ کی تجویز ہے اوسمین بھی اسی حساب سے مبلغ
تین ہزار ستاسی روپیہ ماہوار اور مبلغ سینتیس ہزار
چالیس روپیہ سالانہ منافع کے ٹھیکہ دار کو ملینگے۔
جسکی مجموعی تعداد بعد مجسوبی کل مصارف مبلغ دس ہزار
آٹھ سو چار روپیہ آٹھ آنہ ماہوار اور مبلغ ایک لاکھ انتیس ہزار
چھ سو چون روپیہ سالانہ کا منافع رہیگا اگر چندے یہ
ٹھیکہ قائم رہا تو کچھ ایام میں قصابان رامپور و ٹھیکہ داران
نہایت متمول ہو جاینگے اور عام پبلک بسبب گرانی کے
نرخ کو برداشت نکرکے مفلوک و برباد ہو جاینگے ویسے کثیر
منافع کا اثر عام پبلک کی ذات جائداد پر پڑیگا میں سرکار کو
ایک روپیہ بھی نفع نہیں ہے بوجوہ بالا کمیٹی کے ...
نہیں ہے کہ ٹھیکہ قائم رکھا جائے جس سے رعایا شہر کو علاوہ ...
ایسا کثیر نقصان پہونچے اور سرکار کو بہت قلیل آمدنی ہو کر قصا
ٹھیکہ داران کو ایسا کثیر نفع پہونچایا جائے اسلئے کمیٹی کی رائے میں
ٹھیکہ کو ... ذبح ہونگی بابتہ قصابان کو
پہنچ و آمادہ کیا جاوے تاکہ علاوہ شکایت پبلک کو یہ کثیر نقصان
نہ پہونچے رعایا کے ایسے کثیر نقصان کے مقابل میں سرکاری
بہت قلیل آمدنی ہونا کمیٹی کی رائے میں غیر مناسب ہے

دستخط ...

# نقل حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

## واقع ۲۳ اپریل ۱۹۲۱ء

روئداد جنرل کمیٹی میونسپل منعقدہ ۲۳ اپریل ۱۹۲۱ء پیش ہوکر ملاحظہ ہوئی ہر ایک امر کی بابت نمبروار منفصلہ ذیل تجویز کیا جاتا ہے۔

۱۔ بقصور غیر حاضری یکہ، شکرم، تانگہ والوں پر مفصلہ تحت مبلغ تیئیس روپیہ آٹھ آنہ جرمانہ کیا جائے اور زر جرمانہ نامبردگان سے وصول کرکے حسب قاعدہ سیاہہ کرایا جائے اور آئندہ کیواسطے ہدایت کردیجائے کہ تاریخ معینہ پر حاضر ہوا کریں اور جس تانگہ کا جانور کمزور ہے اسکو خارج کیا جائے

| یکہ چوبیس ۲۴ | تانگہ سیلو نما دس | تانگہ ٹپ دار تین | شکرم ایک |
|---|---|---|---|
| فی ۸ ر | فی ۱۲ ر | فی عہ | عہ |

۲۔ قصابان کا اقرارنامہ بابت ذبح کرنے اکیس مادہ گاؤ یومیہ تحریر کرایا گیا ہے اسواسطے جلسہ آئندہ کمیٹی میں بابت ذبیحہ مادہ گاؤ قصابان کو ہدایت کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

۳۔ گودام میونسپلٹی میں جسقدر سامان خارج ہوگیا ہے اسکی فہرست قسم وار مرتب کرکے ارسال اجلاس ہذا کی جائے اور جو سامان کار آمد ہو اسکو گودام میں باقاعدہ رکھوا دیا جائے۔

۴۔ ملاحظہ ہوا تجویز ممبران کمیٹی مناسب ہے۔
۵۔ ملاحظہ ہوا تجویز ممبران کمیٹی مناسب ہے۔
۶۔ ملاحظہ ہوا تجویز ممبران کمیٹی مناسب ہے۔

... ہوا کہ

ایک نقل حکم ہذا خدمت میں میونسپل افسر صاحب کے اطلاعاً و تعمیلاً مرسل ہو اور انتخاب روئداد کمیٹی برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو

دستخط
صاحب ہوم سکریٹری بہادر

# روئداد جنرل میونسپل کمیٹی منعقدہ ۲۲ اپریل ۱۹۲۱ء

## جناب مبارک علی خان صاحب جاگیردار پریذیڈنٹ باتفاق رائے

| شرکا ملازمان | شرکا غیر ملازمان |
|---|---|
| ۱- صاحبزادہ عزت علی خان صاحب بہادر میونسپل افسر | ۱- مولوی مجاہد حسین صاحب وکیل |
| | ۲- ایوب شاہ خان صاحب ممبر |
| ۲- منشی فیاض علی خان صاحب پیشکار | ۳- لالہ سالگرام صاحب ممبر |
| | ۴- لالہ بنارسی داس صاحب ممبر |
| | ۵- لالہ ہرنام سنگھ صاحب ممبر |
| | ۶- لالہ شب چند داس صاحب ممبر |

| امورات تصفیہ طلب | تجویزات کمیٹی |
|---|---|
| ۱- کمیٹی ۱۵ اپریل ۱۹۲۱ء میں معائنہ یکہ و شکرم و تانگہ ٹھیکہ دار و ریلونما جلسہ کمیٹی میں ہوا تھا بہت سے جانور لاغر و کمزور تھے اور بعض بعض کا سامان خراب تھا اونکو درستی سامان و طیاری جانوران کیلئے ہدایت کرکے مہلت دی گئی بہت سے یکہ و تانگہ جلسہ کمیٹی سابقہ میں باوجود اطلاع کے حاضر نہیں ہوئے اونکی حاضری کیلئے جمعداران و سپاہیان کو ہدایت ہوئی تھی کہ جلسہ کمیٹی آئندہ میں حاضر کئے جاویں جلسہ ہذا میں مفصلہ ذیل یکہ ۲۵ تانگہ ریلونما تانگہ ٹھیکہ دار شکرم حاضر نہیں ہے انکی بابت کیا تجویز ہونا چاہیے۔ | بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ یکہ تانگہ والے عادی اس امر کے ہیں کہ باوجود اطلاع کے تاریخ معائنہ پر حاضر نہیں ہوتے ایک موقع اور دیا جاوے اور اس مرتبہ حسب ذیل جرمانہ یکہ ۲۴ تانگہ ریلونما ۱۰ فی ۸ فی ۱۲ تانگہ ٹھیکہ دار شکرم فی ۱ وصول کیا جائے آئندہ کیلئے کافی طور سے ہدایت کیجائے کہ تاریخ معائنہ پر اگر حاضر نہیں ہوتے تو سخت باز پرس کی جائیگی ایک یکہ کا جانور منجملہ ۲۵ یکوں کے بہت کمزور ہے اوسکو خارج کیا جائے اور مالکان یکہ و تانگہ و شکرم سے رقم جرمانہ وصول ہو کر [illegible] |
| ۲- کمیٹی سابقہ یکم اپریل ۱۹۲۱ء میں تجویز اجلاس اعلیٰ سے منظور ہو چکی ہے کہ قصابان کو کافی طور سے فہمائش کر دیجائے کہ تقریباً بیس مادہ گاؤ ذبح کیا کریں اس تعداد سے کمی ہو اگر تعداد مذکورہ سے ذبیحہ مادہ گاؤ میں کمی ہوگی تو سخت باز پرس کی جائے گی۔ | یہ معاملہ بموجودگی قصابان جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہوا قصابان سے گفتگو کیگئی بیس راسوں کے ذبح کرنے میں قصابان عذر دار ہیں شہر میں اس کام کرنیوالے بیس اسم ہیں جنکی فہرست مرتب کرلیگئی اور فی اسم ایک راس مادہ گاؤ ذبح کرنیکی بابت قصابان کو آمادہ کیا گیا جلسہ ہذا میں صرف تین قصاب حاضر ہیں اسلئے بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ جلسہ آئندہ میں یہ معاملہ پیش کیا جاوے اور قصابان کو ہدایت حاضری کی جاوے۔ |
| ۳- نوٹ دفتر میونسپلٹی گودام میونسپلٹی میں جو خارج شدہ لکڑی وغیرہ پڑی ہوئی ہے جو قابل نیلام ہے اس سامان کے متعلق کمیٹی سے رائے لیجائے کہ سامان مذکورہ گل کر مٹی ہو جائیگا اسکے متعلق کیا رائے ہے۔ | بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ ایسے سامان کی فہرست مرتب ہو کر دفتر میونسپل آفس میں قسم وار سامان کے چٹھہ بندی ہو کر بعد اعلان نیلام کر دیا جاوے تاکہ گودام صاف ہو جائے اور ایسے خراب ہو جانے والے سامان کی قیمت وصول ہو جائے سامان موجودہ گودام کارآمد نہیں ہے جسقدر سامان کارآمد ہے وہ علیحدہ گودام میں رکھوا دیا جائے۔ |
| ۴- نوٹ لالہ شب چند داس صاحب ممبر ۱۹ اپریل ۱۹۲۱ء بنا بر معائنہ موقع درخواست منشی سکھ باسی لال صفائی حلقہ صفائی ابھی تک کسی جگہ کوڑہ وغیرہ نہیں ہے۔ البتہ معروضہ ذیل قابل غور ہیں | بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ کوڑہ جو متصل مکان بلدیو پرشاد جمع ہے اسکی بابت نوٹس میعادی تین یوم مالک مکان کو دیا جائے کہ فوراً کوڑہ اٹھوا کر صفائی کرا دیجائے ورنہ بعد |

| | |
|---|---|
| ایک اراضی متصل مکان پنڈت بابو پرشاد پسر پنڈت کنیشی لال مرحوم افتادہ کہتی برہمن کی ہی اوسمین کوڑہ بکثرت جمع ہے جس سے اندیشہ بیماری کا ہے معلوم ہوتا ہے کہ اوس اراضی کو اہل محلہ نے کوڑہ گھر بنا رکہا ہے مالک مکان کو ہدایت ہونا چاہیے کہ وہ اراضی کی صفائی کرادے اور آیندہ کو نگرانی رکہی جائے کہ کوڑہ فراہم نہو محلہ بزریہ جہبو خان سے جو راستہ آیا ہے خرمہ والی کو گیا ہے اوس راستہ کی پلیہ ٹوٹ گئی ہے اور جو راستہ سڑک کو محلہ سادہ کاران کو گیا ہے اسکی بہی پلیہ ٹوٹ گئی ہے ان پلیون کے ٹوٹ جانے سے اہل محلہ کو آمد و رفت گاڑی وغیرہ مین تکلیف ہوتی ہے اور بارانی نالی کا بہی بوجہ خرابی پلیہ بند ہو جاتا ہے۔ | انقضائے میعاد میونسپلٹی خود کوڑہ اٹھوا کر صرفہ مالک مکان سے وصول کیا جائے۔ آیندہ کیلئے سپاہی جمعدار کو ہدایت نگرانی کی جائے محلہ بزریہ جہبو خان و محلہ سادہ کاران کی جو پلیان ٹوٹ گئی ہین واقعی اونکے ٹوٹ جانے سے نہایت تکلیف ہے اول ذریعہ اوسیر میونسپلٹی تخمینہ مرمت پیش ہونا چاہیے |
| ۴۔ تہانہ چوک متصل مسجد عثمان خان جہان سے شروع ہوا ہے وہ نہایت خراب پایا گیا جابجا کوڑہ وراکہہ راستہ مین پڑی تہی ڈاکٹر عبد الحکیم خانصاحب کی طبیعت خراب ہے انکی مزاج پرسی کیلئے زیادہ تر صاحبان تشریف لاتے ہین۔ | تہانہ چوک گھیر عثمان خان کی بابت معلوم ہوا کہ صفائی ہو گئی اور ایک خاکروب وہان کی صفائی کیلئے تعینات ہے اسلئے کسی مزید انتظام کی ضرورت نہین ہے سپاہی و جمعدار حلقہ کو ہدایت کر دی جائے کہ روزانہ نگرانی رکہین۔ |
| ۵۔ نوٹ لالہ سالگرام صاحب ممبر حلقہ مندرجہ کتاب معائنہ ہمراہی شیخ احمد خان سپاہی تہانہ کنندہ وینی گشت کرکے صفائی جہاڑو و نالی کا کام دیکہا بہت اچہا پایا۔ البتہ نواب وزیر متصل کوٹہی جیلر صاحب کوچہ غیر نافذ جانب غرب مین ایک پلیہ ٹوٹ گئی ہے راستہ والون کو از حد تکلیف ہے | بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ وہان اس پلیہ کے ٹوٹ جانے سے عوام کو سخت تکلیف ہے مرمت کا تخمینہ اول ذریعہ اوسیر میونسپلٹی مرتب ہو کر آیندہ جلسہ مین پیش ہونا چاہیے۔ |
| ۶۔ نوٹ لالہ ہرنام سنگہ صاحب ممبر مندرجہ کتاب معائنہ متصل شفاخانہ انگریزی جو راستہ حکیم ودر خان کی طرف کو آیا ہے اوس راستہ مین ایک پلیہ شکست ہو گئی ہے آمد و رفت مین لوگون کو تکلیف ہے اور اندیشہ ہے کہ کوئی راہگیر گر جائے اور اوسکو زاید نقصان پہونچے۔ | بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ حکیم ودر خان کے وہان کی پلیہ ٹوٹ جانے سے سخت تکلیف ہے اسکی مرمت کا تخمینہ ذریعہ اوسیر میونسپلٹی مرتب ہو کر جلسہ آیندہ مین پیش کیا جائے۔ |
| ۷۔ کوچہ لال بہاری مین پیش مکان نمبیسری داس مرحوم جو نالی آتی ہے اسکا کچہہ حصہ خراب ہو گیا ہے بوقت شب آمد و رفت مین لوگون کو سخت تکلیف ہے۔ | کوچہ لال بہاری پیش مکان نمبیسری داس مرحوم کا موقع اول صاحب میونسپل افسر ملاحظہ فرمالین۔ |